ترجمہ (١) لوگوں کی فہم اس کی صفت وحقیقت کے دریافت کرنے سے ایسے کوتاہ ہیں جیسے اس چیز کے ادراک سے عاجز ہیں جس میں افلاک اور تمام عالم ہیں یعنی علم الٰہی سے۔ اس میں غلو مذموم ہے۔ نعوذ باللہ منہ (٢) وہ ایسا ہے کہ جو اس کے مقتولوں میں نہیں ہے وہ اس کے آزاد کردوں میں ہے یعنی اس نے اس کو قصداً چھوڑ دیا ہے۔ وہ ایسا ہے کہ جو اس کے مطیعوں میں نہیں ہے وہ ان لوگوں میں ہے جو ہلاک کئے گئے ہیں۔ یعنی وہ کبھی ضرور مقتول ہوگا (٣) جبکہ تو ان شہروں سے جو دریا کے کناروں پر آباد ہیں ہماری طرف لوٹا تو ان کی طرف ہماری وحشت جو بسبب تیرے فراق کے تھی چلی گئی یعنی سابق ہم متوحش تھے اب بسبب تیرے وہاں سے چلے آنے کے وہ متوحش ہو گئی (٤) تیرے واپس آنے سے تمام راہ خوشبودار ہو گئی سو تو جہاں کو گذرا وہاں خوشبو نے ڈیرے ڈال دئیے (٥) اگر وہ درخت جنکے تو سامنے ہو کر گذرا سمجھدار ہوتے تو تیری دعا اور سلام کے لئے اپنی شاخیں تیری طرف بڑھاتے مگر کیا کیجئے وہ بے سمجھ ہیں (٦) پریاں بسبب اپنے شوق کے صور منقوشہ خیمہ میں منسلک ہو گئیں۔ اور تیرے روئے مبارک کے دیکھنے کے لئے اپنی آنکھوں کو پھرایا اور تجھے خوب دیکھا یعنی خیمہ میں ایسی خوبی کی تصویریں کھینچی ہیں کہ قریب ہے کہ بولنے لگیں۔ خوبی تصویر کی تعریف اس سے بہتر نہیں ہو سکتی (٧) تیرے بخیر وعافیت واپس آنے سے ہمارے گھوڑے بھی ایسے خوش ہوئے کہ ہم نے خیال کیا کہ اگر ان کو شرم مانع نہ ہوتی تو باوجود غیر ذوی العقول ہونے کے خوشی کے سبب ہمارے ساتھ رقص کرنے لگتے (٨) تو ہنستا ہوا تشریف لایا اور تیرے عمدہ گھوڑے ترش رو ہیں بسبب طول سفر و بار ہتیاروں کے ایسے حال میں کہ وہ دوہری زرہوں اور بلند نیزوں کو اٹھائے ہوئے دوڑ رہے ہیں۔

۵۱ قوله عقدت الخ يقول ان حوافر هذه الخيل عقدت فوقها غبارا كثيفا حتى لو ارادت السير عليه لكان يحملها كالارض لشدة كثافته ۱۲
۵۲ قوله والامر الخ يقول امرك مطاع حتى فى حال الحروب حيث كل قلب يضطرب بين خوف القتل ورجاء الظفر بالعدو فان كنت فى هذه الحال مطاعا فما ظنك بغيرها ۱۲ ۵۳ قوله فعجبت الخ يصف يوم قد وصه يقول تعجبت من كثرة السيوف فى ذلك اليوم حتى ذهلت فعجزت عن ادراك العجب ورايت من كثرة الضوء وتألق الحديد ما خطف بصرى حتى كل عن الرؤية ۱۲ ۵۴ قوله انى الخ تقدير الكلام انى اراك عسكرا فى عسكر من المكارم اى انت فى نفسك عسكر وحولك عسكر آخر منها ۱۲ ۵۵ قوله فطن الخ ال من قوله الفؤاد نائبة عن ضمير المتكلم يشير الى ما وشى به عليه. يقول ان فؤادى لم يغفل عما فعلته فى حال بعدك من التقصير فى خدمتك وما اهملته من المسير معك لانى كنت خائفا ان تفطن له فتعاتبنى عليه يعنى انى لم اغفل عن ذلك التقصير ولو لم يوش به اليك ۱۲ ۵۶ قوله اضحى الخ يقول ان فراقك كان عقوبة لى على ذلك التقصير فما بك حاجة الى عقوبة غيرها ۱۲ ۵۷ قوله فاغفر الخ اى فاغفر لى هذا التقصير وانعم على بعد ذلك لاكون مخصوصا بعطية منها نفسى يريد انه اذا عفا عنه فقد وهبه نفسه ۱۲ ۵۸ قوله وانه الخ اراد بالمشير عليه الاعور ابن كروس كان قد اغراه بالمتنبى حين تخلف عن المسير معه. يقول نه اشار عليك بمقاطعتى وحرمانى وقبول هذه المشورة منه ضلة لانى غير مستوجب لهذه العقوبة ويريد بالحر نفسه وباولاد الزنى الوشاة وهو تعريض بابن كروس كما سيشير اليه فى البيت التالى ۱۲ محمد اعزاز على غفرله

۵۱ عقدت سنابكها عليها عثيرا	لو تبتغي عنقا عليه لأمكنا
۵۲ والأمر أمرك والقلوب خوافق	في موقف بين المنية والمنى
۵۳ فعجبت حتى ما عجبت من الظبى	ورأيت حتى ما رأيت من السنى
۵۴ إني أراك من المكارم عسكرا	في عسكر ومن المعالي معدنا
۵۵ فطن الفؤاد لما أتيت على النوى	ولما تركت مخافة أن تفطنا
۵۶ أضحى فراقك لي عليه عقوبة	ليس الذي قاسيت منه هينا
۵۷ فاغفر فدى لك واحبني من بعدها	لتخصني بعطية منها أنا
۵۸ وانه المشير عليك في بضلة	فالحر ممتحن باولاد الزنى

ترجمہ (۱) گھوڑوں کے سموں نے اپنے اوپر اس کثرت سے غبار اکٹھا کر دیا ہے کہ اگر وہ اس غبار پر دوڑیں تو ممکن ہے (۲) میرا حکم واقعی ہر حال میں قابل اطاعت ہے یہاں تک کہ ایسے موقع میں بھی کہ بہادروں کے دل ہلاکی اور موت اور فتح کی آرزوؤں میں مضطرب ہوں (۳) سو میں کثرت شمشیروں سے اول دفعہ متعجب ہو گیا اور بعد مکرر مشاہدہ کثرت میرا تعجب جاتا رہا کیونکہ جو چیز بار بار دیکھی جاتی ہے اس میں تعجب نہیں رہتا اور چمک اور درخشانی اسلحہ دیکھی اور حیران و دنگ اور خیرہ چشم رہ گیا اور بعد بار بار دیکھنے کے میں ایسا ہو گیا کہ گویا میں نے روشنی نہیں دیکھی (۴) تو بنفسہ بجائے ایک لشکر کے ہے اور مجد و شرف اور خوبیوں کا تیری دوسرا لشکر ہے اور بلند نامیوں کی تو کان ہے جہاں بلند نامی ہے اصل اس کی تو ہے (۵) وہ مدح اور شکر جو میں نے تیری غیبت میں کئے ہیں اس کو دل تیرا بخوبی سمجھ گیا اور یہ بھی تو نے بخوبی جان لیا ہوگا جو میں نے ثنا و شکر کی ضد کو بخوف تیری آگاہی کے چھوڑ دیا ہے (۶) تیرا فراق میرے اس کام پر جو میں نے کیا میرے لئے عذاب ہو گیا باوجودیکہ وہ تکالیف شاقہ جو میں نے تیری جدائی سے کھینچیں کچھ آسان امر نہیں تھا (۷) سو تو میرا قصور معاف کر تجھ پر میری جان و مال قربان اور بعد عفو تقصیر مجھکو بخشش عنایت کرتا کہ تو مجھکو خاص ایسے عطیہ عظیمہ بخشے کہ منجملہ اس کے میں خود ہوں۔ یعنی جبکہ تو نے میرا قصور معاف کیا اور پھر عطا دی تو تو نے مجھکو ایسی عطا کے ساتھ خاص کیا کہ منجملہ اس کے میری جان ہے جس کو بسبب عفو تو نے مجھکو بخشدیا ہے (۸) اور جو شخص میرے معاملہ میں بیراہی کی صلاح تجھکو دیتا ہے کہ تو متنبی کو نکالدے اور کچھ نہ دے اس کو ایسی بدرائے سے منع کر کیونکہ شریف آدمی یعنی میں اولاد زنا کی چغلیوں سے آزمایا گیا ہوں۔ غمازوں کو اولاد الزنا کہا اعور بن کروس نے بدر بن عمار سے متنبی کی غمازی کی تھی یہ اسی کی طرف اشارہ ہے ؛

اللغات (۱) جمع سفيه وهو الذي لا عقل له ولا رأي ۱۲

له قوله واذا الخ يريد انه عرض في البيت السابق بذكر اولاد الزنى وقد فهم هذا التعريض من يعنيه به فهو يأخذه لنفسه ۱۲ ۲ قوله ومكايد الخ يريد ان السفيه كيده راجع اليه لانه لا يحسن التدبير فاذا فعل شيئا فعله جاهلا من غير روية ولا نظر وعنى بالسفهاء الذين وشوا به الى بدر و عداوة الشعراء تهمل يعني بالهجاء يريد انه اذا عودي الشاعر جعل في عرض عدوه ما يبقى عليه بقاء الدهر ۱۲ ۳ قوله لعنت الخ يقول ان معاشرة اللئيم مذمومة لما تجر وراءها من الندامة فهي كضيف يليه ضيف من الندم ويحتمل لعنت الدعاء ۱۲ ۴ قوله غضب الخ يقول اذا رضيت عني لم ابال بعد ذلك بغضب الحسود لانه يكون من اهون المصائب علي حتى كان له جرم لم يستحق ان يوزن لخفته ۱۲ ۵ قوله امسى الخ اي من كان من غيرنا كافرا بالله فانه مؤمن معنا بفضلك اي موافق لنا في الاقرار به وان كان مخالفا لنا في الايمان بالله ۱۲ ۶ قوله خلت الخ كان الوجه ان يقول اعاضها اياك لتقدم ضمير الغائب على المخاطب فعدل عنه لاقامة الوزن وهو ضرورة في الصحيح ۱۲ ۷ قوله يا الخ يقول انك الرجل الذي لم يخلق له مثال واشار بقوله والحديث شجون الى ان تحت قولي من لم يكن الخ معاني كثيرة لا تحصى ۱۲ ۸ قوله لعظمت الخ اللام زائدة او رابطة لقسم مضمر على تقدير قد بعدها اي لقد عظمت اي لو كنت امانة كانت هذه الامانة عظيمة حتى لا يؤتمن بتاديتها جبريل الذي هو امين الوحي لنفاستها وكرمها وهذا ايضا من هفواته اعاذنا الله منها ۱۲ ۹ من ثاني الكامل والقافية متدارك ۱۲

وإذا الفتى طرح الكلام معرضا ؏ في مجلس أخذ الكلام اللذ عنى

ومكايد السفهاء واقعة بهم ؏ وعداوة الشعراء بئس المقتنى

لعنت مقارنة اللئيم فإنها ؏ ضيف يجر من الندامة ضيفنا

غضب الحسود إذا لقيتك راضيا ؏ رزء أخف علي من أن يوزنا

أمسى الذي أمسى بربك كافرا ؏ من غيرنا معنا بفضلك مؤمنا

حال من مرفوع امسى ۱۲ متعلق بمؤمن ۱۲

خلت البلاد من الغزالة ليلها ؏ فأعاضهاك الله كيلا تحزنا

اي جعلك لها عوضا من الشمس ۱۲

وقال وقد سأله الجلوس

يا بدر إنك والحديث شجون ؏ من لم يكن لمثاله تكوين

لعظمت حتى لو تكون أمانة ؏ ما كان مؤتمنا بها جبرين

ترجمہ (۱) اور جبکہ مرد دلیر کسی مجلس میں کلام بطور تعریض کہتا ہے تو وہ جس کو مراد رکھتا ہے وہ اس کی چوٹ کو سمجھ جاتا ہے کہ مجکو کہا ہے (۲) اور کمینہ لوگوں کے فریب لوٹ کر انھیں پر پڑا کرتے ہیں کیونکہ وہ بے سمجھ ہوتے ہیں اور شاعروں کی عداوت برا ذخیرہ ہے کہ وہ ہجو کہکر تمام عالم میں بدنام کردیتے ہیں (۳) ناکس کی صحبت لعنت کیجاوے کیونکہ وہ ایک مہمان ہے جو اپنے ساتھ ندامت کا طفیلی مہمان کھینچ لاتا ہے یعنی انجام اسکا پشیمانی ہے (۴) جب میں تجھ سے ایسے حال میں ملتا ہوں کہ تو مجھ سے خوشنود ہوتا ہے تو حاسد کا غصہ اسپر ایک بڑی مصیبت ہوتی ہے کیونکہ وہ یہ چاہتا ہے کہ تو مجھ سے ناخوش رہے مگر یہ اس کی مصیبت میرے نزدیک اس قابل بھی نہیں ہے کہ وہ تولی جاوے یعنی بڑی بے حقیقت ہے (۵) اے ممدوح جو تیرے رب کا منکر ہے ہمارے زمرہ کے غیر لوگوں سے وہ ہمارے ساتھ تیرے فضل اور شرف پر ایمان لائے ہوئے ہے یعنی تیرے فضل کے غیر اسلام کے لوگ بھی مقر ہیں (۶) شہر اپنی شب میں آفتاب سے خالی تھے سو خداوند تعالیٰ نے ان شہروں کو بجائے آفتاب تجکو دیدیا تاکہ وہ مغموم نہ ہوں (۷) اے بدر بیشک تو وہ ہے کہ تیرے مانند کو پیدا ہونے کی نوبت ہی نہیں پہنچی۔ اور بات شاخ در شاخ ہے یعنی میرے اس قول میں کہ تیرا مثل پیدا نہیں ہوا معانی کثیر و بیشمار ہیں۔ کیونکہ تیرے صفات حسنہ جن میں تو یکتا ہے ہزار دل ہیں (۸) البتہ تو ایسا عظیم القدر ہے کہ اگر بالفرض تجکو امانت کہا جاوے تو ایسی بڑی امانت ہو کہ اس کا امانت دار جبرئیل امین بھی نہ ہو سکے باوجودیکہ وہ وحی الٰہی کا امانت دار ہے۔

ع قال ابو الفتح اللذ عنا يريد الذي عنى وفي الذي اربع لغات (۱) الذي (۲) اللذ (بلا ياء) (۳) اللذ (بسكون الآخر) (۴) الذي (بتشديد الياء) وقال الخطيب اللذ عنا كلمة واحدة وهي الكلام الذي ليس فيه مواراة ۱۲

له قوله بعض الخ اجرى فوق ودون مجرى الاسماء الممكنة فاعربهما اعرابها- يقول اذا خلا الناس عنك كانوا درجات يعلو بعضها بعضًا فاذا حضرت بينهم تساووا فى الانحطاط عنك وصار كل شريف بالنسبة اليك وضيعًا ١٢ ٢ه قوله افاضل الخ يقول ان الفاضل من الناس كالاغراض للزمان يصيبهم بنوائبه وآفاته اذ هم اشد اهتمامًا بها من سواهم فكانهم هم المقصودون بها ولذلك كلما خلا الانسان من الفطنة كان اخلى من الهم لانه لا يبالى بالنوائب و لا يفكر فى العواقب ١٢ ٣ه قوله انما الخ يقول نحن فى قرن من الناس قد تساووا فى الشر دون الخير فما فيهم احد يركن اليه ١٢ ٤ه قوله حولى الخ يقول حولى جماعة منهم لا تعقل فاذا اردت الاستفهام عن احدها لا يجوز ان تقول من هذا لان من تختص بالعقلاء ١٢ ٥ه قوله لا اقترى الخ يقول لا اسافر الا على خطر من اعدائى وحسادى ولا امر باحد لا يكون حاقدًا علىّ يعنى انهم لئام جهلاء ومثلهم لا بد ان يكون عدو المثله ١٢ ٦ه قوله ولا أعاشر الخ يقول انه لم يعاشر احدًا من ملوكهم الا وجده فى صورة الانسان دون عقله فهو كالصنم الذى يعمل على هيئة الانسان وينصب للعبادة والتعظيم وهو حقيق بالكسر والاهانة لانه يضر و لا ينفع- وضرب الرؤس يحتمل الضرب بالسيف او بالعصا ونحوها ولعل الثانى هو المراد- وانما خص الوثن لانه صورة الصنم له يفتن قومًا يعبدونه وتمثال لا يضر و لا ينفع ١٢ ٧ه قوله انى الخ العائد على الموصول فى مما اعنفهم محذوف وفاى مما اعنفهم عليه- يقول الومهم على ما بهم من خسة النفس وسقوط الهمة- ثم اعذرهم من هذه الحال لما اجد بهم من الغفلة والجهل حتى اعود باللوم على نفسى واقصر عن لومهم ١٢

اللغات

(١) سواسية بمعنى متساوين قيل وهو خاصٌ بالذم ولا يقال فى المدح اى متساوين فى اللوم والخسة ١٢ (٢) بكسر ففتح جمع خلقة وهى الصورة التى يخلق عليها الشئ اراد بها الاشباح و يروى حلق بالحاء المهملة جمع حلقة بالاسكان وهى القوم يجتمعون مستديرين ١٢ (٣) هو الاسم من قولهم غرر بنفسه اذا عرضها للهلكة ١٢

بعضُ البريّةِ فوقَ بعضٍ خالياً ۔ فاذا حضرتَ فكلٌّ فوقٍ دونُ

وقال يمدح ابا عبد الله محمد بن عبد الله بن محمد الخطيب القاضي الخصيبي وهو يومئذ يتقلد القضاء بانطاكية

أفاضِلُ الناسِ أغراضٌ لذا الزمنِ ۔ يخلو من الهمِّ أخلاهم من الفطنِ

وإنما نحنُ في جيلٍ سواسيةٍ ۔ شرٍّ على الحرِّ من سُقمٍ على بدنِ

حولي بكلِّ مكانٍ منهم خِلَقٌ ۔ تُخطي اذا جئتَ في استفهامِها بمَنِ

لا أقتري بلداً الا على غررٍ ۔ ولا أمرُّ بخلقٍ غيرِ مُضطغنِ

ولا أعاشرُ من أملاكهم ملكاً ۔ الا أحقَّ بضربِ الرأسِ من وثنِ

اني لأعذرُهم مما أعنّفُهم ۔ حتى أعنّفَ نفسي فيهم وأني

ترجمہ (۱) تیری عدم موجودگی میں تو بعض خلق بعض سے برتر ہے اور جب تو موجود ہو تو ہر برتر شخص تیرے شرف کے سامنے کمتر ہے (۲) عمدہ لوگ اس زمانے کے نشانے ہیں کہ ان پر وہ تیر حوادث برابر لگاتا رہتا ہے اب غم سے وہ خالی ہے جو عقلوں سے خالی ہے کیونکہ عاقل انجام امور کی فکر میں مصروف و مغموم رہتا ہے کسی نے خوب کہا ہے ۔ دیوانہ باش تا غم تو دیگران خورند ۔ بر عاقل مباش تا غم دیگران خوری (۳) سوائے اس کے نہیں ہے کہ ہم ایسے قرن میں پیدا ہوئے کہ اس کے اہل برائی میں سب برابر ہیں جو شریف مرد کے حق میں اس سے زیادہ موذی ہیں جیسے بیماری بدن کو (۴) ہر جگہ میرے گرد ایسے گروہ یا ایسی صورتیں جمع رہتی ہیں کہ اگر تو ان کا استفہام بلفظ من جو ذوی العقول کے واسطے ہوتا ہے کرے تو تو خطا وار ہوگا کیونکہ وہ لوگ مثل بہائم ہیں بلکہ ان کا استفہام بلفظ ما جو غیر ذوی العقول کے واسطے ہے کرنا چاہئے یعنی ان کا استفہام ما انتم سے کرنا چاہئے نہ من انتم سے (۵) میں شہروں میں نہیں پھرتا ۔ مگر او پر خطرہ اپنی جان کے کیونکہ اعدا اور حسادی کی طرف سے مجھکو خطرہ اپنی جان کا رہتا ہے اور ایسی مخلوق کے پاس میرا گذر نہیں ہوتا جو مجھ سے کینہ نہ رکھتا ہو بلکہ سب لوگ میرے فضل کے حاسد ہیں اور جاہل (۶) اور لوگوں کے بادشاہوں میں میں کسی سے نہیں ملا مگر وہ بسبب ناکسی و جہالت و عدم کاردانی خلق کے مثل بت کے سزاوار گردن زنی تھا ۔ یا لائق اذلال و احتقار کے یعنی وہ نرے مٹی کے مادھو ہیں (۷) میں ان شاہوں کو اول ان کی نالیاقتی پر سرزنش کرتا ہوں اور پھر میں ان کی عدم جہالت پر ان کو معذور رکھتا ہوں یہاں تک کہ در باب ان کی ملامت کے اپنے نفس کو سرزنش کرتا ہوں

فقر الجهول بلا قلب الى أدب	فقر الحمار بلا رأس الى رسن
ومدقعين بسبروت صحبتهم	عارين من حلل كاسين من درن
خراب بادية غرثى بطونهم	مكن الضباب لهم زاد بلا ثمن
يستخبرون فلا أعطيهم خبري	وما يطيش لهم سهم من الظنن
وخلة في جليس أتقيه بها	كيما يرى اننا مثلان في الوهن
وكلمة في طريق خفت أعربها	فيهتدي لي فلم أقدر على اللحن
قد هون الصبر عندي كل نازلة	ولين العزم حد المركب الخشن
كم مخلص وعلى في خوض مهلكة	وقتلة قرنت بالذم في الجبن

مبتدأ ١٢ — في موضع الحال من الجهول ١٢ — خبر ١٢ — في موضع الحال من الحمار ١٢ — جمع حلة ١٢ جمع الكاسي ١٢ — خبر مقدم لے ضامرة جوعًا ١٢ — جمع ضبة وهي دويبة معروفة ١٢ — طاش السهم اذا انحرف عن الرمية ١٢ — اسم الخصلة ١٢ — الضعف ١٢ — اے جعله لينًا ١٢ — هي المرة من القتل ١٢

ترجمہ (١) جاہل بے عقل کی احتیاج ادب کی طرف ایسی ہے جیسے احتیاج خر بے سر کی رسی کی طرف یعنی جاہل لائق تعلیم ادب نہیں ہے جیسے بے سر کا گدھا لائق رسی باندھنے کے نہیں ہوتا (٢) اور میں بہت سے خاک نشینان چٹیل میدان کے پاس بیٹھا ہوں جو بسبب افلاس لباسوں سے برہنہ اور میل کچیل کا لباس پہنے ہوئے ہیں (٣) یہ لوگ جنگل میں سارقان شتر ہیں اور گرسنہ شکم ہیں ان کی غذا سوسمار یعنی گوہ کے بیضے ہیں جو بھوک کے وقت جنگل میں تلاش کر کے کھا لیتے ہیں اور ان کے لئے وہ مفت کا توشہ ہے (٤) وہ لوگ میری خبر پوچھتے ہیں تو میں ان کو اپنی خبر نہیں دیتا اور ان کے گمان کے تیر نہیں بہکتے اور خطا نہیں کرتے۔ یعنی وہ میرے حسن کلام سے جان لیتے ہیں کہ یہ متنبی مشہور شخص ہے (٥) اور بہت سی زشت خصلتیں میری ہمنشین میں ہیں کہ میں وہ خصلت اپنے میں ظاہر کر کے اس کے ذریعہ سے اس کے شر سے بچتا ہوں تاکہ اس کو معلوم ہو جائے کہ میں اور وہ ضعف رائے میں ایک طرح کے ہیں یعنی میں اپنے جلیس کے ہم رنگ ہو جاتا ہوں تاکہ وہ مجھ کو لائق فائق جان کر مجھ پر حسد نہ کرے (٦) اور بہت سے کلمے ہیں کہ میں طریق گفتگو میں ان کے اظہار سے خوف کرتا ہوں اس خیال سے کہ اس کے اظہار کی صورت میں میری شناخت کی طرف راہ نکالی جاوےگی۔ سو میں غلطی پر قادر نہ ہوا۔ خلاصہ یہ کہ بخوف اپنی شناخت میں نے غلط بولنا چاہا مگر مجھ سے غلط نہ بولا گیا۔ یعنی فصاحت میری سرشت میں داخل ہے (٧) میرے صبر نے مجھ پر مصیبت آسان کر دی اور میرے قصد نے میری سخت سواری کو نرم کر دیا (٨) ہلاکی کی جگہ گھسنے میں خلاصی اور حصول بلند نامی کی راہیں بہت سی نکل آتی ہیں۔ اور بسبب نامردی کے مقتول ہونے میں مذمت کا قرب ہوتا ہے یعنی بسا اوقات مہالک میں گھسنے والا سالم رہتا ہے اور بلند نام اور نامرد مذموم مقتول ہوتا ہے۔

۵۱ قوله فقر الخ هذا البيت بيان لعذرهم عنده۔ يقول ان الانسان انما يتادب بعقله وهؤلاء لا عقل لهم لا يفتقرون الى الادب كما ان الحمار اذا كان بلا رأس لا يفتقر الى الرسن ١٢ ۵۲ قوله ومدقعين الخ اي رب صعاليك يجلسون لفقرهم على التراب صحبتهم وهم عارون من الثياب مكتسون بما عليهم من الاقذار ١٢ ۵۳ قوله خراب الخ يقول هم لصوص وليس لهم زاد الا بيض الضباب ياخذونه بلا ثمن ١٢ ۵۴ قوله يستخبرون الخ اي يسألونني عن خبري فاكتم نفسي عنهم خوفا من غدرهم لكنهم يظنون اني انا فلان الذي يسمعون بذكره فلا يخطئون وهو من قوله عليه الصلوة والسلام استعينوا على امركم بالكتمان ١٢ ۵۵ قوله وخلة الخ اي رب خصلة في جليس لي اجاريه عليها واستقبله بمثلها ليظن اني مماثل له في ضعف الرأي۔ يريد انه يخفي نفسه وفضله خوفا من الحسد ١٢ ۵۶ قوله وكلمة الخ اعربها اراد ان اعربها فحذفت وقد مرت له نظائر اي آتي بها معربة اي ورب كلمة اردت ترك اعرابها لئلا يهتدي سامعها الى معرفتي ولكني لم اقدر على ارتكاب اللحن لاني مطبوع على الفصاحة والاعراب ١٢ ۵۷ قوله قد الخ يقول صبري قد جعل كل حادثة تنزل بي سهلة وعزمي على الاشياء الصعبة الان لي كل مركب خشن فلا اخشى الخطوب الصعبة بل اصبر عليها ولا اشتكي النوازل واذا عزمت على امر عظيم صغره عزمي ١٢ ۵۸ قوله كم الخ يقول ان الاقدام على المهالك كثيرا ما يكون سببا في التخلص منها مع كسب الرفعة والمجد والجبن عن الاقدام كثيرا ما يكون سببا لقتل الجبان مع المذمة والعار ١٢

اللغات (١) جمع المدقع اللاصق بالارض ذلا ١٢ (٢) جمع خارب وهو الذي يسرق الابل خاصة ثم سمي به كل لص ١٢ (٣) جمع ظنة بالكسر وهي ما تظن بالانسان من سوء ١٢ (٤) جمع علياء وهي اسم للمكان العالي ثم استعملت في معنى الرفعة والشرف ١٢

٥٩ المكن كنقف بيض الضبة والجرادة ونحوها

۵۱ قوله لا الخ يريد بحسن بزته اليسر وسعة الرزق - يقول لا ينبغي له ان يفرح بذلك على ما هو فيه من الذل فانه كالميت الذي عليه اكفان حسنة ۱۲ **۵۲** قوله لله الخ يقول انه يرجى ان يصل لي حال ترضيه وتلك الحال تخلف رجاءه فلا يصل اليها ويطالب دهره بحصولها فيما طلبه في تبليغه اياها ۱۲ **۵۳** قوله مدحت الخ يقول مدحت قوما لا يستحقون المدح للؤمهم وجهلهم وان عشت فساغزوهم بخيل اناث وذكور - وسمى تلك الخيل قصائد على الاستعارة طلبا للمشاكلة يعني ساجعلها لهم بدلا من القصائد التي مدحتهم بها ۱۲ **۵۴** قوله تحت الخ يقول قوافي هذه القصائد خيل مضمرة اذا انشدت لم تدخل في الاذن بخلاف قوافي الشعر وقوله مضمرة خبر عن قوافيها ويحتمل الحالية والخبر قوله تحت العجاج وهذا من عادة المتنبي التهدد والقعقعة عن غير اصل ۱۲ **۵۵** قوله فلا الخ يقول لا اعتصم في الحرب بالابنية والاسوار ولا اصالح اعدائي اذا غروني ونافقوني اي لا اصالحهم الا على بذل الرضى ۱۲ **۵۶** قوله مخيم الخ يقول ان عسكره قد ضربوا خيامهم في الفلاة تحت حر الشمس وهو توكيد لما ذكره في البيت السابق والجمع فاعل التخييم في المعنى ۱۲ **۵۷** قوله الفى الخ اي ان الكرام الذين هلكوا القوا مكارمهم على هذا الممدوح اي فوضوها الى عهدته فهي عنده بجانب فروض الدين وسننه يحافظ عليها كما يحافظ على هذه ۱۲

لَا يُعْجِبَنَّ مَضِيماً حُسْنُ بِزَّتِهِ	وَهَلْ يَرُوقُ دَفِيناً جَوْدَةُ الكَفَنِ
لِلّٰهِ حَالٌ أُرَجِّيهَا وَتُخْلِفُنِي	وَأَقْتَضِي كَوْنَهَا دَهْرِي وَيَمْطُلُنِي
مَدَحْتُ قَوْماً وَإِنْ عِشْنَا نَظَمْتُ لَهُمْ	قَصَائِداً مِنْ إِنَاثِ الخَيْلِ وَالحُصُنِ
تَحْتَ العَجَاجِ قَوَافِيهَا مُضَمَّرَةٌ	إِذَا أُنْشِدْنَ لَمْ يَدْخُلْنَ فِي أُذُنِ
فَلَا أُحَارِبُ مَدْفُوعاً إِلَى جُدُرٍ	وَلَا أُصَالِحُ مَغْرُوراً عَلَى دَخَنِ
مُخَيِّمُ الجَمْعِ بِالبَيْدَاءِ يَصْهَرُهُ	حَرُّ الهَوَاجِرِ فِي صُمٍّ مِنَ الفِتَنِ
أَلْقَى الكِرَامُ الأُلَى بَادُوا مَكَارِمَهُمْ	عَلَى الخَصِيبِيِّ عِنْدَ الفَرْضِ وَالسُّنَنِ

ترجمہ (۱) چاہئے کہ مظلوم کو اس کی خوبی لباس خوش نہ کرے اور کیا میّت مدفون کو عمدگی کفن اچھی معلوم ہوتی ہے یعنی نہیں۔ خلاصہ یہ ہے کہ مظلوم جو اپنے سے دفع ظلم نہ کر سکے بمنزلہ میّت کے ہے اور میّت کو عمدگی کفن خوش نہیں کرتی۔ پس ایسا ہی حال مظلوم کا ہونا چاہئے (۲) میرا حال عجیب ہے خداوند تعالیٰ اس کی اصلاح کرے میں اس سے امید ترقی و درستی رکھتا ہوں اور وہ مجھ سے خلاف وعدگی کرتا ہے اور میں اپنے زمانہ سے یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھ سے موافق ہو مگر زمانہ مجھ سے نادہندگی کرتا ہے اور میرا قرض ادا نہیں کرتا (۳) میں نے ایسی قوم کی مدح کی جو بسبب بخل وجہالت کے اس کے لائق نہ تھی اور اگر میں زندہ رہا تو ان کے لئے گھوڑیوں اور گھوڑوں سے قصیدے نظم کروں گا یعنی بذریعہ سواروں کے ان سے جنگ کروں گا۔ اور ان کو ہلاک کر ڈالوں گا (۴) غبار کے نیچے قصائد کے قوافی مثل ایسے اسپان مضمرہ کے ہوں گے کہ جب وہ پڑھے جاویں تو مثل معمولی قافیہ اشعار کے سامعین کے کانوں میں نہیں جا سکتے کیونکہ یہ قافیہ گھوڑے ہیں۔ اور قافیوں کو مضمرہ اسواسطے کہا کہ تضمیر گھوڑوں کے لئے وصف ممدوح ہے ایسے ہی جب اشعار کے قافیے اچھے ہوں گے تو اشعار بھی عمدہ ہوں گے۔ یہ متنبی کی قدیم عادت ہے کہ بے اصل دھمکیاں دیا کرتا ہے اور ڈون کی لیا کرتا ہے (۵) سو میں ایسے حال میں نہیں لڑوں گا کہ دیوار کی پناہ میں دفع کیا گیا ہوں بلکہ بے آڑ کھلے میدان میں لڑوں گا اور دشمنوں سے ایسے حال میں صلح نہیں کروں گا کہ ان کی دلی عداوت اور فساد قلبی پر فریفتہ ہو جاؤں یعنی ان کے دھوکے میں آن کر ان سے صلح نہیں کروں گا (۶) میں ایسا شخص ہوں کہ میرا لشکر دور دراز میدان میں بے کسی آڑ کے ایسی طرح خیمہ زن ہے کہ ان کو دوپہر کی گرمی سخت بھری جنگ اور فسادوں میں گلائے اور پگھلائے دیتی ہے۔ بہرا فساد وہ کہ اس کے دفع کی کوئی تدبیر ہی نہ ہو۔ حیۃ صماء اس سانپ کو کہتے ہیں جس پر منتر کچھ اثر نہ کرے (۷) جو عمدہ لوگ مر گئے ہیں انھوں نے اپنے مجد و شرف کو ممدوح پر جو خصیب کی اولاد میں ہے ڈال دیا ہے یعنی اسکو اپنے اوصاف حسنہ کا وارث کر دیا ہے۔ سو وہ ان اوصاف کو مصارف ضروری مفروض ومسنون میں استعمال کرتا ہے یعنی مکارم کرام اس کے تحت تصرف میں۔

اللغات

(۱) يقال عند التعجب من الشيء لله هو ۱۲ (۲) مطله بدينه اذا ما اداه ولم يقضه ۱۲ (۳) جمع حصان وهو الفحل العتيق من الخيل ۱۲ (۴) هو الفساد يقال صالحه على دخن اي لعلة لا للصلح ۱۲

اللغات (١) يقال هو فی حجر فلان ای فی کنفه ١٢ (٢) الهتن فعل من الهتن وهو كثرة الانصباب ١٢

١ قوله فهن الخ يقول لما استخلف على المكارم بعد هلاك ذويها جعلها فی حجره وكفلها فی جملة اليتامى الذين يكفلهم فكان حكما عوضت له اليتامى تتوقع عنايته وبره بدأ بالمجد والمنن التی هی من جملة المكارم المكفولة عنده فافاضها عليهم قال الواحدی وانما ذكر اليتامى لانه يمدح قاضيا والقاضی متكفل امر اليتامى ١٢ **٢** قوله قاض الخ ای اذا التبس الامران واشتبه بعضها ببعض فصل بينهما برأيه ولو امتزجا امتزاج الماء باللبن ١٢ **٣** قوله غض الخ كنی ببعد فجر ليلته عن كونه يسهر الليل فی درس العلوم والعبادات فيرى ليله طويلا كما يراه الساهر دون النائم ويحتمل ان يراد بالفجر بياض الشيب وبالليل سواد الشباب لان بياض الشيب بعيد عنه لانه شاب غض الشباب ١٢ **٤** قوله شرابه الخ يقول هو على اخلاق العلماء والزهاد لا ينال من الطعام والشراب الا القدر الذی يقوم به جسمه فهو انما ياكل ويشرب لبقاء حيوته لا لخصب البدن وقوته ١٢ **٥** قوله القائل الخ يجوز فی الصدق النصب على المفعولية والجر على الاضافة تشبيها بالحسن الوجه. يقول هو لا ينطق الا بالصدق ولو كان فيه ما يضره ولا يتظاهر بغير ما فی ضميره رياء وانما سره وعلنه سواء ١٢ **٦** قوله الفاضل الخ ای يظهر حق الخصم الغبی على الخصم الذكی ١٢ **٧** قوله افعاله الخ يقول ان افعاله الكريمة تدل على كرم اصله وتقوم له مقام النسب حتی لو لم يقل جدی فلان لكانت افعاله كافية فی الدلالة عليه كما يستدل بالغصن على الاصل ١٢ **٨** قوله العارض الخ قد عيب لفظ الهتن على المتنبی لانه يقال سحاب هاتن ولا يقال هتن ولكن جاء به قياسا على هطل وهو من النوادر والمعنی هو جواد ابن آباء اجواد ١٢

فهن فی الحجر منه كلما عرضت (١)	له اليتامى بدا بالمجد والمنن
قاض اذا التبس الامران عن له	رأی يخلص بين الماء واللبن
غض الشباب بعيد فجر ليلته	مجانب العين للفحشاء والوسن
شرابه النشح لا للری يطلبه	وطعمه لقوام الجسم لا السمن
القائل الصدق فيه ما يضر به	والواحد الحالتين السر والعلن
الفاصل الحكم عی الاولون به	والمظهر الحق للساهی على الذهن
افعاله نسب لو لم يقل معها	جدی الخصيب عرفنا العرق بالغصن

العارض الهتن (٢) ابن العارض الهتن ابن العارض الهتن ابن العارض الهتن

(interlinear glosses: حال من الحجر ١٢ — ظهرت ١٢ — ماض من المهموز ای ابتدأ ١٢ — ال فيه للجنس ١٢ — زعم ١٢ — ظهر ١٢ — هو الناعور ١٢ — القليل — ما لا يكحل ١٢ — النوم ١٢ — ای طعامه ١٢ — ما يعاش به ١٢ — الجملة حال من الصدق ١٢ — الحالتين — بدل تفصيل — فصل الحكم قضاه وقطع ١٢ — عی بالامر عجز عنه ١٢ — الجملة مفعول للقول ١٢ — ای الغافل ١٢ — الذكی ١٢ — هو الفطن — خبر — مبتدأ — اسم جد الممدوح ١٢ — جواب لو ١٢ — هو السحاب المعترض فی الافق ١٢)

ترجمہ (١) سو وہ مکارم ممدوح کے تصرف میں ہیں جبکہ اس کے سامنے یتیم بچے آتے ہیں تو وہ شریفانہ برتاؤ اور احسانوں سے ان کے ساتھ پیش آتا ہے۔ یتیموں کا ذکر خاص اس واسطے کیا کہ ممدوح قاضی ہے جو متکفل یتیموں کے امور کا ہوتا ہے۔ شارح ابن فورجہ یہ معنی کہتا ہے کہ جب کریم لوگ مر گئے تو مکارم یتیم ہو گئے پس ممدوح نے ان کی پرورش فرمائی کہ وہ بسبب عہدۂ قضا متکفل امور یتیمان ہے۔ مجد و منن کو بجائے مکارم ذکر کیا کیونکہ مکارم یہی دو چیزیں مذکورہ ہیں (٢) وہ ایسا ذکی قاضی ہے کہ جب دو امر اس پر مشتبہ ہو جائیں تو اس کو ایسی رائے سوجھتی ہے جو پانی کو دودھ سے جدا کر دے یعنی غیر ممکن الانفصال کو منفصل کر دے اور غیر خالص کو خالص سے جدا (٣) اس شعر کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ وہ قاضی تازہ جوانی ہے یعنی نوجوان ہے اور اس کی شب جوانی فجر پیری سے دور ہے اور باوجود نوجوانی اپنی چشم کو فواحش کے دیکھنے اور زیادہ سونے سے بچاتا ہے مگر امور خیر میں رات بھر مصروف رہتا ہے۔ اس صورت میں فجر سے مراد سفیدی پیری اور شب سے مراد سیاہی موئے جوانی ہے۔ دوسرے معنی یہ ہیں کہ اس کی شب دراز ہوتی ہے کہ وہ عبادت الٰہی اور انجام امور خیر میں رات گذارتا ہے۔ اور بسبب مصروفیت لذات نفسانی اپنی شب کو کوتاہ نہیں کرتا (٤) وہ پانی قلیل بقدر ضرورت پیتا ہے نہ بقدر سیرابی اور اس کا کھانا بغرض بقائے جسم ہے نہ بقصد فربہی۔ کیونکہ زیادہ کھانا اور پینا انسان کو بہائم صفت کر دیتا ہے یعنی غبی و کاہل۔ کسی نے خوب کہا ہے ؎ این رکم خوابیست و کم آبی ٭ ذہن ہندی و نطق اعرابی (٥) وہ ایسی جگہ سچ بولتا ہے جہاں اس کا نقصان ہو اور اس کی دونوں حالتیں پوشیدہ و ظاہر یکساں ہیں یعنی وہ جھوٹ نہیں بولتا اور تقیہ نہیں کرتا (٦) جس فیصلہ میں پہلے لوگ عاجز ہو گئے وہ اس میں حکم ناطق دیتا ہے۔ اور خصم غافل کا حق خصم ذکی پر ظاہر کر دیتا ہے (٧) ممدوح کے عمدہ افعال اسکی خوبی نسب پر ایسی دلالت کرتے ہیں کہ اگر ممدوح ان افعال کے ساتھ یہ نہ کہے کہ میرا دادا خصیب ہے، تو ہم جڑ کو بذریعۂ شاخ معلوم کر لیں کہ یہ خصیب کا پوتا ہے

[illegible]

ل قوله قد الخ يعنى ان آباءه قد احاطوا علماً بحوادث الدنيا ماضيها وغابرها حتى كانهم وصلوا اولها بآخرها وقيل المعنى ان آباءه كانوا علماء وقيل يمدحهم برواية الحديث يعنى انهم ضابطون للايام عارفون بالاخبار ۱۲ ع قوله كانهم الخ هذا تاكيد لما فى البيت السابق. يقول انهم لعلمهم بما سلف من الاحوال الازمنة المتقدمة كانهم وجدوا فى تلك الازمنة قوله واقبل الزمان الذى ولدوا فيه اوكان فهمهم كان موجوداً فى الايام التى لم يكونوا موجودين فيها فاطلعوا على ما كان فى تلك الايام ۱۲ ۳ قوله الخاطرين الخ يقول انهم يمرّون على اعدائهم متبخترين وعليهم من المحامد ما يصون اعراضهم من الذم فيكون اوقى لهم من السلاح ۱۲ ۴ قوله للناظرين الخ يريد اقباله على الوافدين وهشاشته اليهم ۱۲ ۵ قوله كان الخ اى ان عطاياه نعم للقريب والبعيد حتى كانها توخذ من راحتيه فى ارض الروم واليمن كما توخذ فى داره واما ذكره هذين الاقليمين دون غيره فلما بينهما من البعد فاقليم الروم هو القريب منه واليمن هو البعيد ۱۲ ۶ قوله لم الخ يقول لم يفتنا من السحاب بوجودك الا الوحل ولم نعد من البحر الا ركوب السفن والتعرض لعواصف الرياح يريد انه سحاب وبحر ولكن منفعته خالصة عن المشقة والتنغيص ۱۲ ۷ قوله ولا الخ اى ولم يفتنا من الاسد الا قبح منظره ولا من بقية الاشياء الا كل وصف غير مستحسن يعنى ان جميع محاسن الموصوفات مجتمعة فيه وجميع مقابحها منفية عنه ۱۲

قد صيّرت أوّلَ الدنيا وآخرَها ❊ آباؤه من مُغار العلم فى قرنِ

في موضع حال مقدّمة من قرن ۱۲

كأنّهم وُلدوا من قبل أن وُلدوا ❊ أوكان فهمُهمُ أيّامَ لم يكن

بمعنى حدث ۱۲

الخاطرينَ على أعدائهم أبداً ❊ من المحامد فى أوقى من الجُنَن

نصبه بمضمر اى اذكر او امدح ونحو ذلك ۱۲

للناظرينَ إلى إقباله فرحٌ ❊ يُزيل ما بجباه القوم من غضن

بيان لما ۱۲

كأنّ مالَ ابنِ عبد الله مُغترَفٌ ❊ من راحتيه بأرض الروم واليمن

لم يفتقد بك من مزنٍ سوى لثقٍ ❊ ولا من البحر غير الريح والسفن

افتقده طلبه عند غيبته ۱۲ — جمع سفينة ۱۲

ولا من الليث إلّا قُبحَ منظره ❊ ومن سواه سوى ما ليس بالحسن

اللغات

(۱) خطر الرجل مشى متبختراً وهو ان يرفع يديه فى المشى ويضعهما ۱۲ (۲) جمع جُنّة وهى ما استترت به من سلاح ونحوه ۱۲ (۳) جمع مزنة وهى السحابة البيضاء او ذات الماء ۱۲ (۴) هو الندوة تعلق بالارض فتصير وحلا ۱۲ + + +

ع هو الحبل المحكم الفتل ۱۲ ع هو حبل يجمع البعيران ۱۲ ظرف اضيف الى الجملة فبنى على الفتح ۱۲ للوجه جمع جبهة وهى موضع السجود من الوجه ۱۲

ترجمہ (۱) پدران ممدوح نے علم کی مضبوط رسی سے حالات اول و آخر دنیا کو ایک رسی میں کر دیا یعنی وہ لوگ بڑے صاحب تجربہ اور احوال دنیا سے واقف تھے من اولہا الی آخرہا اور ان دونوں حالوں کو علم کی رسی نے ایسا اکٹھا باندھ دیا تھا جیسے دو شتر ایک رسی میں باندھ دیتے ہیں۔ (۲) وہ ایسے تجربہ کار ہیں کہ گویا وہ اس سے پہلے کہ پیدا کئے جائیں پیدا کئے گئے تھے۔ یا وہ جب دنیا میں نہ تھے ان کا فہم یہاں موجود تھا یعنی جب وہ احوال گزشتگان جانتے ہیں تو گویا ان کے زمانہ میں موجود تھے یا ان کا فہم موجود تھا کیونکہ وہ تمام حالات جو اس زمانہ میں گزرے ہیں بخوبی جانتے ہیں (۳) وہ لوگ اپنے دشمن کے روبرو ایسے حال میں بتبخترانہ چلتے ہیں کہ وہ اپنے عمدہ کاموں کے بڑے محافظ سپروں میں ہوتے ہیں یعنی ان کے عمدہ کام ان کی آبروؤں کے محافظ ہیں (۴) جبکہ وہ اپنے سائلوں کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو وہ ایسے خوش ہوتے ہیں کہ ان کی پیشانیوں کی چین یعنی گلچھڑیاں جو بسبب غم افلاس و تکالیف سفر ان کی پیشانیوں پر ہوتی ہیں جاتی رہتی ہیں۔ یعنی وہ بڑے خوش ہو جاتے ہیں (۵) گویا ابن عبد اللہ ممدوح کا مال اس کی ہر دو کف دست کے ذریعہ سے سرزمین روم و یمن میں بانٹا گیا ہے۔ یعنی سب دور و نزدیک کو پہنچتا ہے کوئی اس سے محروم نہیں رہتا (۶) تیرے ہوتے یا تجھ میں کوئی فائدہ ابروں کا ہم گم نہیں کرتے بلکہ تجھ میں بہ نسبت ابروں کے جود و کرم زیادہ ہیں ہاں ابروں میں ایک بڑا عیب ہے جو تجھ میں نہیں۔ ابر کی بارش کے بعد کیچ گارا ہوا کرتا ہے اور تیرے باران عطا کے بعد یہ نہیں ہوتا اور تیرے ہوتے فوائد دریا ہم کو حاصل ہیں مگر دریا سے منتفع ہونے کے لئے کشتی اور ہوا کی حاجت ہوتی ہے اور تیرا فیض بے ذریعہ ان دونوں کے پہنچتا ہے یعنی تو ابر و دریا سے فیض میں زیادہ ہے (۷) اور تجھ میں سب اوصاف شیر سوائے اس کی زشت روئی کے موجود ہیں اور پھر بعد تفصیل مجملاً کہتا ہے کہ تجھ میں سب اوصاف نیک بجز اس وصف کے جو برا ہے پائے جاتے ہیں۔ اور یہ کلام عمدہ ہے ::

اللغات (۱) من الاحتباء وهو ان يجمع الرجل ظهره وساقيه بعمامة ونحوها ۱۲ (۲) جمع قنة وهي اعلى موضع الجبل ۱۲

(۱) قوله منذ الخ يقول منذ جلست محتبياً للحكم في هذه البلدة اعتدل ما فيها من الخلاف وسكن الشر حتى كان اصحاب الاحقاد قد تهادنوا وزال من بينهم الشقاق ۱۲ (۲) قوله ومنذ الخ يقول لما مررت على هذه الجبال خضعت هيبة لك وسمى خضوعها سجوداً لما بينهما من الملابسة فقال ان سجودها له توالى حتى ذهب ما عليها من النبت فصارت قرعاء ۱۲ (۳) قوله اخلت الخ يقول ان مواهبك قد كثرت وعمت حتى اصاب منها اهل الاسواق ما استغنوا به عن العمل ۱۲ (۴) قوله ذا الخ يقول هذا الجود الذي نراه منك جود من لا يثق بدهره ولا يأمن حوادثه فهو يجود بالمال اغتناماً للاجور المحسنة وهذا الزهد زهد من لم يتخذ الدنيا وطناً لعلمه بانها دار قلعة وانما كل من عليها فان ۱۲ (۵) قوله وهذه الخ اي لك همة ليست في بشر ولك قوة منطق ليس مثلها في القوى ۱۲ (۶) قوله فمر الخ جعله كجبل ذي روح لعظمته ووقاره يقول له مر من شئت واومر فانك مطاع ۱۲ (۷) قوله قد الخ يقول ان بعد الاحبة علم اجفاننا الدامية من طول البكاء ان يتبعد بعضها عن بعض كناية عن ادامة السهر وكان باعثاً للجمع بين احزان القلب فتألفت واعلم ان صاحب التبيان جعل قافية القصيدة متدارگا ولعله من قلم الناسخين والصحيح ان القافية متواتر ۱۲ (۸) اے اشروا كثرهم يرويه آدم بترك الهمزة ۱۲ (۹) من ثاني البسيط والقافية متواتر ۱۲

مُنْذُ احْتَبَيْتَ بِأَنْطَاكِيَةَ اعْتَدَلَتْ (۱)	حَتّٰى كَأَنَّ ذَوِي الْأَوْتَارِ فِي هُدَنِ
وَمُنْذُ مَرَرْتَ عَلٰى أَطْوَادِهَا قَرِعَتْ (۲)	مِنَ السُّجُودِ فَلَا نَبْتٌ عَلَى الْقُنَنِ
أَخْلَتْ مَوَاهِبُكَ الْأَسْوَاقَ مِنْ صُنُعٍ (۳)	أَغْنٰى نَدَاكَ عَنِ الْأَعْمَالِ وَالْمِهَنِ
ذَا جُوْدُ مَنْ لَيْسَ مِنْ دَهْرٍ عَلٰى ثِقَةٍ (۴)	وَزُهْدُ مَنْ لَيْسَ مِنْ دُنْيَاهُ فِي وَطَنِ
وَهٰذِهِ هِمَّةٌ لَمْ يُؤْتَهَا بَشَرٌ (۵)	وَذَا اقْتِدَارُ لِسَانٍ لَيْسَ فِي الْمُنَنِ
فَمُرْ وَأَوْمِ تُطَعْ قُدِّسْتَ مِنْ جَبَلٍ (۶)	تَبَارَكَ اللّٰهُ مُجْرِي الرُّوْحِ فِي حَضَنِ

(جمع وتر وهو الثار ۱۲ — ای بجبالها ۱۲ — هی عاملة عمل ليس ۱۲ — جمع موهبة ۱۲ — اے جودک ۱۲ — للاشارة ۱۲ — دعاء ۱۲ — زائدة ۱۲)

وَقَالَ يَمْدَحُ أَبَا سُهَيْلٍ سَعِيْدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْأَنْطَاكِيَّ

قَدْ عَلَّمَ الْبَيْنُ مِنَّا الْبَيْنَ أَجْفَانَا (۷)	تَدْمٰى وَأَلَّفَ فِي ذَا الْقَلْبِ أَحْزَانَا

(البعد ۱۲ — حال مقدم من الاجفان ۱۲ — نعت للاجفان ۱۲)

ترجمہ (۱) اے ممدوح جیسے تو گوٹ باندھ کر بمقام انطاکیہ مجلس قضا میں بیٹھا ہے تو تیرے حسن سیرت اور عمدہ برتاؤ کے سبب اس کے تمام امور درست ہو گئے یہانتک کہ کینہ توز لوگ باہم صلح میں ہیں اور ان کی تمام عداوتیں جاتی رہیں (۲) اور جیسے تو انطاکیہ کے پہاڑوں پر چلا پھرا ہے تو انھوں نے باوجود اپنے غیر ذوی العقول ہونے کے تیری عظمت اور رفعت کو بخوبی معلوم کر لیا اور اس لئے اس قدر سجود و خضوع سے پیش آئے کہ ان کے سر کے بال اڑ گئے اور اس لئے ان کی چوٹیوں پر گھانس نہیں رہی اور کثرت سجود نے ان کی پیشانی سے بڑھ کر سر پر اثر کیا ہے۔ یہ حسن تعلیل عمدہ ہے (۳) تیری بخششوں نے بازاروں کو عمدہ کاریگروں اور دستکاروں سے خالی کر دیا اور تیری بخشش نے لوگوں کو خدمت گاریوں اور ذلتوں سے بے پروا کر دیا۔ یعنی تیرے عطائے عام بازاری اور اشخاص کو بھی اس قدر پہنچی ہے کہ ان کو کسب معاش کی حاجت نہیں رہی (۴) یہ تیری عطائے کثیر بخشش اس شخص کی سی ہے کہ جو زمانہ پر اعتماد نہیں کرتا۔ یعنی یہ جانتا ہے کہ اموال کو بقا نہیں ہے اور اس لئے شکر و اجر کے حصول کے لئے جلد جلد سخاوت کرتا ہے اور یہ تیرا زہد عظیم اس شخص کا سا زہد ہے جو دنیا کو اپنا وطن نہیں سمجھتا بلکہ دار فنا جانتا ہے اس لئے اپنے تمام اموال دار باقی کی طرف روانہ کرتا ہے۔ سبحان اللہ المنان یہ کیا عمدہ شعر ہے ذم دنیا کے اس میں معانی کثیر ہیں اور باوجود الفاظ مختصرہ کے بڑے وعظ کو حاوی ہے (۵) اور یہ تیرے رعب و ہیبت ایسے ہیں کہ وہ کسی بشر کو عنایت نہیں کئے گئے اور یہ قدرت زبان و فصاحت انسان کی طاقتوں سے باہر ہے (۶) سو حکم کر اور اشارہ کر کہ تو دونوں حالوں میں اطاعت کیا جاوے گا تو اسے کوہ وقار مقدس شخص ہے۔ وہ خداوند تعالیٰ بابرکت ہے جس نے کوہ حضن میں روح ڈالدی ہے۔ ممدوح کو بسبب کثرت وقار و ثبات کوہ سے تشبیہ دی ہے (۷) فراق یار نے ہماری مژہہائے خونبار کو ایک دوسرے سے جدا ہو نا سکھا دیا کہ اب چشم نہیں جھپکتی اور پلک سے پلک نہیں ملتی اور ہمارے اس دل میں غموں کو مرکب کر دیا۔

أمّلتُ ساعةَ ساروا وأكشفَ معصمِها	ليلبثَ الحيُّ دونَ السيرِ حيرانا
ای كفّها ١٢	لبث ای أقام ١٢
ولو بدتْ لأتاهتهُم فحجّبها	صونٌ عقولَهُم من لحظِها صانا
	فاعل حجّب ١٢ مفعول صان ١٢
بالواخداتِ وحاديها وبي قمرٌ	يظلُّ من وخدِها في الخدرِ خشيانا
الباء للتفدية ١٢ المسرعات يريد النياق ١٢	
أمّا الثيابُ فتعرى من محاسنِه	إذا نضاها ويكسى الحسنَ عُريانا
	ای القاها عنه ١٢
يضمُّه المسكُ ضمَّ المستهامِ به	حتى يصيرَ على الأعكانِ أعكانا
قد كنتُ أُشفقُ من دمعي على بصري	فاليومَ كلُّ عزيزٍ بعدَكم هانا
اخاف ١٢	
تُهدي البوارقُ أخلافَ المياهِ لكم	وللمحبِّ من التذكارِ نيرانا
السحائب ذات البرق ١٢	

ترجمہ (١) جب وہ قافلہ روانہ ہونے لگا جس میں محبوبہ تھی تو میں نے یہ امید و آرزو کی کہ محبوبہ ذرا اپنا نورانی پہنچا کھولدے یعنی ظاہر کردے تاکہ مردمان قافلہ اس کی درخشانی دیکھ کر متحیرانہ کچھ توقف کریں اور میں ایک لحظہ اس کو اور دیکھ لوں (٢) اور اگر محبوبہ میری آرزو کے موافق اس قوم پر جلوہ فرما ہوتی تو بیشک بسبب کثرت نور کے ان کو حیران کردیتی اور وہ کچھ ضرور توقف کرتے مگر اس کو اسکی صیانت اور تستر نے جس نے عقول قوم کو اس کے دیکھنے سے بچایا پردہ میں رکھا یعنی اس نے اپنے آپ کو ظاہر نہ کیا اور قافلہ چل پڑا (٣) میں اس ماہرو پر شتران دوندہ اور ان کے حدی خوان اور اپنی جان کو قربان کرتا ہوں کہ شتروں کے تیز چلنے سے پس پردہ اس کا سانس چڑھ جاتا ہے اور ہانپنے لگتی ہے اور دم پھول جاتا ہے کیونکہ وہ نازنین آرام طلب عادی سواری شتران کی نہیں ہے (٤) اس کے لباس کا تو یہ حال ہے کہ جب وہ قمر اس کو اپنے جسم سے اتار دیتا ہے تو لباس کی خوبیاں جاتی رہتی ہیں کیونکہ اس کا جسم باعث زینت لباس ہے اور جب وہ برہنہ ہوتا ہے تو وہ لباس حسن میں ملبوس ہوتا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ لباس کو اس سے زینت ہے نہ اس کو لباس سے (٥) اس ماہرو کو مشک ایسا لپٹتا ہے جیسا اس کا عاشق اس سے لپٹے یہاں تک کہ مشک اس کے شکم کی شکنوں پر جو بسبب فربہی پڑی ہوئی ہیں اور شکنین ہوجاتا ہے یعنی وہ بکثرت مشک استعمال کرتا ہے (٦) پہلے تو میں بسبب گریہ اپنی بینائی کے جانے سے ڈرتا تھا۔ سو اب تمہارے فراق کے صدمہ کے سبب ہر عزیز چیز ذلیل و بے قدر ہوگئی۔ یعنی اب جان کے لالے پڑے ہوئے ہیں اور شئے کی کیا حقیقت ہے (٧) بجلیوں کا کوندنا تمہاری خدمت میں یہ مضمون بطور ہدیہ پیش کرتا ہے کہ پستانہائے باران نے شیر خوران نبات کو تازہ و سیراب کردیا۔ اور عاشق یعنی میرے لئے تمہاری یادگاری کے سبب آتش ہائے سوزاں کا کام دیتا ہے۔ کیونکہ تمہاری فرودگاہ کی جانب سے وہ بجلیاں چمکتی ہیں اور تم کو یاد دلاتی ہیں۔

اللغات (١) بمعنى يكتسى يقال كسوته الثوب فكسيه من باب علو ١٢ (٢) هى مطاوى البطن وهى جمع عكن جمع عكنة ١٢ (٣) جمع خلف بالكسر وهو الضرع استعارة للمياه لانها تغذ والنبات ١٢

ف١ قوله امّلت الخ ضمير ساروا للاحبة استغنى عن تقدّم ذكرهم بدلالة المقام. يقول رجوت حين ساروا ان تكشف معصمها اى تظهره عند ركوب الهودج ليراه الحىّ فيتحيّروا بجماله ويدهشوا عن المسير فاغتنم الزيادة من اقامتها ١٢

ف٢ قوله ولو الخ يقول لو ظهرت لهم لحيّرتهم بجمال طلعتها ولكن حجبها عنهم ما عندها من الصيانة التى صانت عقولهم من لحظها يعنى ان صيانتها لنفسها حجبتها عن البروز فكان فى ذلك صون عقولهم عن ان تصاب بلحظها فتفتتن ١٢

ف٣ قوله بالواخدات الخ يقول يفدى بالنياق الواخدة فى السفر وبحاديها وبى قمرٌ يظلّ فى خدره خائفًا من وخدها لانه لم يتعوّد الاسفار ويروى حشيان بالحاء المهملة من الحشى بفتحتين وهو تواتر النفس من تعب ونحوها يعنى ان وخدها يزعجها لشدة ترفه فيتتابع نفسه ١٢

ف٤ قوله اما الخ يقول اذا خلع ثيابه عريت من محاسنه لانه يزين الثياب بحسنه واذا عرى منها لقى مكتسبًا بالحسن ١٢

ف٥ قوله يضمّه الخ يقول كان المسك يحبّه فهو يضمّه ضمّ المستهام به حتى يصير على اعكانه كالاعكان ١٢

ف٦ قوله قد الخ يقول كنت اخاف على بصرى من البكاء واما اليوم فقد هان علىّ بعد فرقتكم كلّ عزيز ١٢

ف٧ قوله تهدى الخ يقول اذا برقت السحائب من نحوكم اهدت اليكم اخلاف المياه التى تغذ وارضكم واهدت الىّ نيرانا لتجديدها الشوق بتجديد ذكراكم. والعرب تذكر مواضعها وديارها بلمع البروق وما احسن ما قيل فى الهندية۔ ف

فلک پہ برق جو چمکی تو یاد آئی امیر
ادا کسی کی وہ پردہ اٹھا کے آنے کی

ف٨ هم الناس النازلون والظاعنون ١٢ ف٩ مصدر اضيف الى فاعله او مفعوله ١٢ ف١٠ هو الذى يسوق الابل بالغناء ١٢

ﻟﻪ قوله اذا الخ يقول يتبعني ويطاوعني قلبي في كل هول الا اذا اردت ان اسلوكم فانه يخونني ولا يطيعني ١٢ ﻟﻪ قوله ابد والخ يقول اذا ظهرت لمن يذكرني بالسوء عظّمني وخضع لي فاترك عتابه اعراضا عنه واحتقارا له ١٢ ﻟﻪ قوله وهكذا الخ يقول لما كنت بين اهلي و في وطني كنت على ما انا عليه اليوم اي غريبا قليل الاشكال والمساعدين. ثم قال ان النفيس حيثما حلّ غريب لان هذه الغربة وردت عليه من فقد النظير لا من فقد النسيب ١٢ ﻟﻪ قوله محسّد الخ يقول انا محسود الفضل في كل مكان يكذب اعدائي على اثري اي اذا وليت عنهم اختلقوا عليّ الاكاذيب فقالوا لقيناه بموضع كذا او فعلنا به كذا او انا القى الكمي من الابطال فلا يلقاني الا وقد حان اجله ١٢ ﻟﻪ قوله لا الخ يعني انه لا يبالي بالدنيا فلا يتطاول الى طلب ما لم يفت منها ولا يتحسر على زوال الفائت ١٢ ﻟﻪ قوله ولا الخ اي لا افرح بالشيء الذي اناله من غيري لان الحمد يكون حينئذ له وانا لا ارضى ذلك ولو ملأت الدهر لي عطاياه ١٢ ﻟﻪ قوله لا يجذبن الخ اي لا اقصد احدا ما حييت وما حركت ابلي رحالها في السير يعني انه لا يجد من يقوم بجق وفادته بجهل الناس وبخلهم ١٢ ﻟﻪ قوله لو الخ يريد بالناس قوما مخصوصين كما بيّنه في البيت التالي اي انهم في صورة الانسان وعقل البهيمة فلو استطاع عاملهم معاملة البهائم لانهم في منزلتها ١٢ ﻟﻪ اشرأبّ الى الشيء تطلّع نحوه متطاولا له

إذا أقدمتُ على الأهوالِ شيّعني — قلبٌ إذا شئتُ أن أسلاكُمُ خانا

أبدو فيسجدُ من بالسوءِ يذكرني — فلا أعاتبُه صفحًا وإهوانا

وهكذا كنتُ في أهلي وفي وطني — إنّ النفيسَ غريبٌ حيثما كانا

محسّدُ الفضلِ مكذوبٌ على أثري — ألقى الكميَّ ويلقاني إذا حانا

لا أشرئبُّ إلى ما لم يفُتْ طمعًا — ولا أبيتُ على ما فاتَ حسرانا

ولا أُسرُّ بما غيري الحميدُ به — ولو حملتَ إليّ الدهرَ ملآنا

لا يجذبنّ ركابي نحوه أحدٌ — ما دمتُ حيًّا وما قلقلنَ كيرانا

لو استطعتُ ركبتُ الناسَ كلَّهمُ — إلى سعيدِ بنِ عبدِ اللهِ بُعرانا

ترجمہ (۱) جبکہ میں مہالک و مخاوف کی طرف بڑھتا ہوں اور پیش دستی کرتا ہوں تو میرا دل میری ہمراہی کرتا ہے اور میرا ساتھ دیتا ہے یعنی میرا کہا مانتا ہے مگر جب میں اس سے یہ درخواست کروں کہ وہ تم سے جدا ہو جاوے اور تم کو بھلا دے تو وہ میری اطاعت نہیں کرتا۔ بلکہ وہ مجھ سے بخیانت پیش آتا ہے۔ خیانت کے یہ معنی کہ وہ بظاہر میرا کہنا مان لیتا ہے مگر در پردہ تمھاری طرف مائل رہتا ہے (۲) میں ظاہر ہوتا ہوں اور گھر سے باہر نکلتا ہوں تو وہ شخص جو میری غیبت میں مجکو برا کہتا تھا مجھ سے بخضوع پیش آتا ہے اور میں اس پر براہ چشم پوشی اور اس کی ذلت و حقارت کے عتاب نہیں کرتا ہوں کیونکہ وہ کم قدر ہے میرے عتاب کی لیاقت نہیں رکھتا (۳) اور اپنے کنبے اور اپنے وطن میں بھی میرا ایسا ہی حال تھا کہ سفر در وطن کا مرتبہ مجکو حاصل تھا اور کوئی میرا یار و یاور اور کوئی دوست صادق موافق نہ تھا اور واقعی امر یہ ہے کہ عزیز و کریم شخص جہاں رہے مسافر ہی ہوتا ہے اگرچہ اپنے وطن میں ہو کیونکہ اس کو وہاں بھی دوست نہیں ملتے (۴) میرے فضل و شرف پر حسد کیا جاتا ہے اور میرے پس پشت مجکو کاذب کہا جاتا ہے مگر رو برو میرے خوف سے مجکو کچھ نہیں کہتے کیونکہ میں ایسا بہادر ہوں کہ میں سلاح پوش بہادر سے مقابل ہوتا ہوں اور وہ مجھ سے اس وقت مقابل ہوتا ہے جب اس کی موت کا وقت آلگتا ہے (۵) میں اس چیز کی طرف جو مجکو حاصل ہے اور فوت نہیں ہوئی براہ طمع سر اٹھا کر نہیں دیکھتا اور جو چیز میرے ہاتھ سے جاتی رہی ہے اس پر حسرت نہیں کرتا۔ اپنی علو ہمت کی تعریف کرتا ہے (۶) اور جس چیز سے میرا غیر قابل ستایش ہوتا ہو میں اس سے خوش نہیں کیا جاتا یعنی جو چیز مجھے غیر شخص دے اس سے میں خوش نہیں ہوتا۔ کیونکہ اس صورت میں قابل حمد معطی ہے نہ میں اگرچہ تو اے مخاطب بقدر پری زمانہ میرے پاس لے آوے یعنی بکثرت (۷) اور جب تک میں زندہ ہوں میرے شتران سواری کو کوئی اپنی طرف ہرگز کھینچ نہیں سکتا اور نہ میرے شتر میرے کجاووں کو حرکت دے سکتے ہیں۔ ممدوح کے پاس بطلب عطا آیا ہے اور یہ جھوٹے دعوی کر رہا ہے یہ وہ مثل ہے کہ تیرے منہ پر جھوٹ بولوں تو کیا دے (۸) اگر مجھ سے بن آوے تو تمام آدمیوں کو شتر بنا کر ان پر سوار ہو کر سعید بن عبداللہ کے پاس چلا جاؤں۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہمارے زمانہ کے انسان مثل بہائم غیر عاقل ہیں۔ بس اگر مجھ سے ہو سکے تو ان کی بہیمیۃ کا اظہار ان پر سوار ہو کر کروں ؛

لـه قوله فالعيس الخ البيت تفسير لما قبله. يقول الابل اعقل من قوم وجدتهم قد عموا عما رآه هذا الممدوح من الاحسان فلو يهتدوا والفعله ١٢ لـه قوله ذاك الخ يقول نصفه بالجواد وان كان لفظ الجواد قليلا عليه ونسميه شجاعا وان كان لايرضى له قريناً من يسمون شجعاناً يعني انه فوق كل جواد وفوق كل شجاع فلا يكفيه ان يوصف بما يوصف به غيره ١٢ لـه قوله ذاك الخ اے انه يعد المال ويقتنيه ليفرقه على الوفد والشعراء فهو انما يجمعه لهم فلو اجيب بن هاب شئ منه عزاهو لان ذلك المال لهم لا له ١٢ لـه قوله خف الخ يقول ان انامله تقلب الزمان على اطرافها كيفما شاءت كما يقلب الزمان احوال الناس حتى توهمت انها ازمنة مسلطة على الازمنة ١٢ لـه قوله يلقى الخ يقول هو شجاع جلد يلقى الاشياء الصعبة فرحاً مسروراً ١٢ لـه قوله تخاله الخ اى كانه لذكاء قلبه وحدته متوقد وكانه من افراط كرمه وتهلل وجهه سكران ١٢ لـه قوله وتسحب الخ يعني ان ملابس الجوارى حتى ارسان الخيل من نعمته ١٢ لـه قوله يعطي الخ اے اذا بشره مبشر بزوار يقصدونه اعطاه لبشارته كما يعطي من بشره بالماء عند العطش. يعني انه يعطي القصاد ويعطي الذي بشرهم من قبلهم ايضاً لشدة كرمه وارتياحه للبذل ١٢

اللغات (١) هي الحلل اليمانية واحدتها حبرة بكسر ففتح ١٢

لـه بالكسر الابل البيض يخالط بياضها شقرة وهو اعيس وهي عيساء ١٢

لـه جمع قرن بالكسر هو الكفو في الحرب ١٢

فالعيس أعقل من قوم رأيتهم — عما يراه من الاحسان عميانا

ذاك الجواد وإن قل الجواد له — ذاك الشجاع وإن لم يرض أقرانا

ذاك المعد الذي تقنو يداه لنا — فلو أصيب بشيء منه عزانا

خف الزمان على أطراف أنمله — حتى توهمن للأزمان أزمانا

يلقى الوغى والقنا والنازلات به — والسيف والضيف رحب البال جذلانا

تخاله من ذكاء القلب محتميا — ومن تكرمه والبشر نشوانا

وتسحب الحبر القينات رافلة — من جوده وتجر الخيل أرسانا

يعطي المبشر بالقصاد قبلهم — كمن يبشره بالماء عطشانا

ترجمہ (۱) ابنائے زمانہ پر شتروں کو ترجیح دیتا ہے کہ اس قوم سے جن کو میں دیکھتا ہوں کہ وہ طریق احسان سے جس کو ممدوح بخوبی جانتا ہے محض نابینا ہیں شتر زیادہ سمجھدار ہیں پس مناسب ہے کہ ان پر سوار ہو کر سخاوت ممدوح دکھلاؤں (۲) سخی یہی ہے اگرچہ سخی کہنا اس کے رتبہ سے کم ہے۔ بہادر یہی ہے اگرچہ وہ کسی کو اپنا ہمسر ہونا پسند نہیں کرتا۔ یعنی وہ جنگ میں کسی کو اپنا ہمسر نہیں سمجھتا بلکہ اپنے سے کمتر سمجھتا ہے پس ایسے کمتر لوگوں پر فتح پا کر اپنے کو بہادر کہلانا پسند نہیں کرتا۔ خلاصہ یہ ہے کہ میں اس کی تعریف زیادہ کرنا چاہتا ہوں مگر کیا کروں کہ سوائے لفظ جواد و شجاع مجھکو کوئی اور لفظ نہیں ملتا (۳) یہ ممدوح ہمارے لئے اموال جمع کرنے والا ہے کہ اس کے دونوں ہاتھ ہمارے لئے اموال جمع کرتے ہیں۔ یا اموال وہ ہیں کہ ممدوح کے دونوں ہاتھوں نے ان کو ہمارے لئے جمع کیا ہے پس اگر اس کے مال پر کوئی صدمہ اور آفت پہنچائی جاوے تو وہ ہماری تعزیت کرتا ہے کیونکہ وہ مال ہمارا ہی تھا (۴) زمانہ اس کی انگلیوں کے پوروں میں ایک ہلکی چیز ہے یعنی وہ اس کے زیر تصرف و قبضہ ہے جس طرح چاہے اس کو پھرائے یہاں تک کہ اس کی انگلیوں کی پور زمانوں کے لئے زمانے سمجھے جاتے ہیں۔ یعنی جیسا زمانہ تمام عالم پر متصرف ہے ایسے ہی اس کی انگلیاں زمانہ کی مقلب احوال ہیں (۵) ممدوح جنگ و نیزہ و حوادث زمانہ اور شمشیر و مہمان سے بکشادہ دلی و خوشنودی ملاقات کرتا ہے یعنی وہ شجاع اور سخی اور جفاکش ہے اس لئے امور مشکلہ کو برضامندی قبول کرتا ہے (۶) ممدوح کو بسبب ذکاوت حرارت قلب تو ایک چمکتی چیز خیال کرے گا اور اس کے کرم اور کشادہ روئی کے باعث ایک مست مے جانے گا (۷) میری گانے والی چھوکریاں اس کی بخشش سے چادرہائے یمنی متبخترانہ کھینچتی پھرتی ہیں اور میرے گھوڑے رسیاں یعنی میرے پاس جو سامان عیش و کامیابی ہے سب اسی کا بخشا ہوا ہے (۸) ممدوح ایسا کریم اور سائل دوست ہے کہ جو شخص طالبان عطا کے آنے کی اس کو خوشخبری دیتا ہے تو اس مبشر کو سائلوں سے پہلے عطا کرتا ہے اور اس کا اس وقت بسبب غایت سرور ایسا حال ہوتا ہے جیسا کوئی اس کو بحالت تشنگی پانی کی خوشخبری دے :.

۱ قوله یا الخ یقول انت اشد بطشًا من الاسد لان الاسد یصید الناس واحدًا واحدًا وانت تصید الجیش برمته ۱۲ ۲ قوله وواهبًا الخ یقول لیس لجوده وقت محدود بل یجود کل الاوقات والانسان انما یجود حینًا بعد حین ۱۲ ۳ قوله انت الخ مکرمۃ مفعول ثان لسبکت علی تضمینه معنی التحویل۔ یقول انه سبکت اموالہ فصیرها مکارم تجلب له الحمد۔ ثم جعلها فی ایدی السائلین فکانه اتخذهم خزنۃ لاموالہ ۱۲ ۴ قوله علیک الخ یقول اذا خلوت بنفسک کان لک من نفسک رقیب علیک فلا تفعل فی السر ما لا تفعل فی العلانیۃ ویروی اخلیت بالمعلوم ای وجدت مکانا خالیا ۱۲ ۵ قوله لا الخ یقول لا اسالک الزیادۃ علی الکرم الذی فیک والا فقد جهلت محلک من الکرم وکنت کمن ینبه یقظان ومن نبه الیقظان فهو النائم الذی لا یدرک ما فی الوجود ۱۲ ۶ قوله فان الخ ای مثلک من افاخر الکرام به لانهم یقصرون عن مدی مکارمه ومن اذا سخط الناس علی الایام بانها قد ابتلتهم بالبؤس او قوضت جیل الکرام منهم بدفع البؤس عنهم وبغمرهم بانعامه فیرضون عن الایام ۱۲ ۷ قوله قد الخ یقول رضًا انت فیها وقد شرفها الله علی غیرها وشرف الله الناس اذ کنت منهم۔ قال المحشی وقد بالغ المتنبی فی المدح حتی جاوز المدح ۱۲

یا صائِدَ الجَحفَلِ المَرهُوبِ جانِبُهُ (الجیش الکثیر ۱۲ المخوف ۱۲)	اِنَّ اللُّیُوثَ تَصِیدُ النّاسَ اُحدانا (الاسود ۱۲)
وواهِبًا کُلَّ وَقتٍ وَقتُ نائِلِهِ (مبتدا ۱۲ خبر ۱۲ الجملۃ نعت لواهبا ۱۲)	واِنَّما یَهَبُ الوُهّابُ اَحیانا (جمع حین ۱۲)
اَنتَ الَّذِی سَبَکَ الاَموالَ مَکرُمَۃً (من السبک الاذابۃ والافراغ ۱۲)	ثُمَّ اتَّخَذتَ لَها السُّؤّالَ خُزّانا (جمع سائل ۱۲ جمع خازن)
عَلَیکَ مِنکَ اِذا اُخلِیتَ مُرتَقِبٌ (خبر مقدم ۱۲ ای وجدت خالیا ۱۲ رقیب ۱۲)	لَم تَأتِ فِی السِّرِّ ما لَم تَأتِ اِعلانا (اتاه فعله ۱۲)
لا استَزِیدُکَ فِیما فِیکَ مِن کَرَمٍ	اَنا الَّذِی نامَ اِن نَبَّهتُ یَقظانا
فَاِنَّ مِثلَکَ باهَیتُ الکِرامَ بِهِ (فاخرت ۱۲)	وَرَدَّ سُخطًا عَلَی الاَیّامِ رِضوانا (ضد الرفق ۱۲)
واَنتَ اَبعَدُهُم ذِکرًا واَکبَرُهُم (تمییز ۱۲)	قَدرًا واَرفَعُهُم فِی المَجدِ بُنیانا (تمییز ۱۲ تمییز ۱۲)
قَد شَرَّفَ اللّٰهُ اَرضًا اَنتَ ساکِنُها (ویروی قدّس ۱۲)	وَشَرَّفَ النّاسَ اِذ سَوّاکَ اِنسانا

ترجمہ (۱) اے ایسے لشکر کے شکار کرنے والے کہ وہ اس کے خوف سے ترساں ہیں تو شیر سے شجاعت میں بہت بڑھا ہوا ہے کیونکہ شیر کو منجملہ آدمیان ایک ایک کو شکار کرتے ہیں اور تو سارے لشکر کو ایک ہی دفعہ شکار کر لیتا ہے (۲) اور اے سخی کہ اس کی عطا کا کوئی وقت مقرر نہیں ہے بلکہ ہر وقت عطا دیتا رہتا ہے اور بخشنے والے تو کبھی کبھی عطا دیا کرتے ہیں (۳) تو وہ شخص ہے کہ تو براہ کرم اپنے اموال کو جمع اور خالص کرتا ہے پھر سائلین کو ان کا خزانچی بنا دیتا ہے۔ یعنی ان کو تو سائلوں کو ایسا بیدریغ دیتا ہے جیسا اور بادشاہ اپنے خزانچیوں کے پاس رکھوا دیتے ہیں (۴) جب تو تنہا پایا جاوے یا جب تو مکان میں اکیلا بیٹھے تو تجھی پر تیری ذات سے ایک نگہبان متعین ہوتا ہے اس لئے تو پوشیدہ وہ کام نہیں کرتا جو ظاہر میں نہ کرے (۵) جس قدر تجھ میں کرم ہے اس پر میں طلب زیادتی کی نہیں کر سکتا اگر میں بیدار شخص کو بیدار کروں تو میں خود سویا ہوا ہوں گا یعنی تیرے مقدار کرم پر زیادتی ممکن نہیں (۶) کیونکہ میں تجھی جیسے کریم کے سبب تمام اسخیا پر فخر کرتا ہوں اور تو وہ ہے کہ تو نے اس مظلوم کے غصہ کو جو زمانہ پر تھا اپنے احسان کے ذریعہ سے خوشی سے بدل کر لوٹا دیا۔ یعنی اس کو زمانہ سے راضی کر دیا (۷) اور تو وہ ہے کہ تیرا ذکر خیر اور سب لوگوں سے زیادہ شہر ہائے دور دست میں پہنچا ہے اور تیرا مرتبہ سب سے بڑا ہے اور تیرے شرف و مجد کی بنیاد سب سے زیادہ بلند ہے (۸) اے ممدوح تو جس زمین پر تشریف رکھتا ہے خداوند تعالیٰ نے اس کو تیرے سبب اور باقی زمینوں پر شرف عنایت کیا اور جبکہ تجھ کو انسان بنایا تو سب لوگوں کو تیرے بشر ہونے کے باعث مشرف فرما دیا۔ ابو الفتح کہتا ہے اگر متنبی بجائے سواک انشاک کہتا تو بہتر ہوتا۔ اور شراح نے ابو الفتح پر اس باب میں سخت انکار کیا ہے کہ قرآن شریف میں آیا ہے۔ ثم سواک رجلا۔ ونفس وما سواها۔ وخلق فسوی۔ اور نہایت قدرت فصیح یہ ہے کہ الفاظ قرآن بولے اور کلمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ کرام رضی کے استعمال کرے پھر ابو الفتح اور لفظ کو اس پر کیسے ترجیح دے سکتا ہے۔ ابو العلاء معری نے کہا ہے کہ ہم میں اتنی قدرت ہرگز نہیں ہے کہ متنبی کے ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ اس سے بہتر لا سکیں۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ شعر سوائے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کے حق میں کہنا ظلم اور وضع الشیٔ فی غیر محلہ ہے۔ خدا مغفرت کرے سید آزاد بلگرامی کی کہ اس نے اپنے قصیدہ نعتیہ میں یہ ہی شعر متنبی کا نقل کر کے کیا خوب فرمایا ہے ؎

هذا المدیح لمولانا بلا ریب ؛ واها علی المتنبی انه خانا ؛

اللغات

(۱) یجوز ان یکون جمع واهب فیکون بضم الواو او صفۃ مبالغۃ فیکون بفتحها ۱۲ ÷ ÷

اللغات (١) جمع خرص وهو حلقة السنان والمراد هنا الاسنة نفسها ١٢ (٢) منسوب الى الخط موضع باليمامة ١٢

